دار الافتاء والقضاء

الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **Syed Waseem Ahmed**

Address :> **سعودیہ**

Subject :> **کلمہ کفر**

Writer :> حبیب اللہ

Serial No :> **11234**

Fatwa No :>

Date :> **3/29/2011**

Email :>

Assalam alikum Mufti sahib,
Im working in Saudi Arabia due to some office reason I cant go back since 4 years, my self and my wife pray to allah and make always dua and cry in front of allah and prophet mohammed To finish our problem and I will reach to my family and to my kids, we strongly belive allah is the only one power and there is no one with him and prophet mohammed is our last rasool, And we both love him, My question – during frustration and quarrel with my wife we both tell kufer against allah that we are offering 5 namaz daily from heart and making dua but where is he why he is not listening to our dua And we said kufer tha maybe there is no allah who can help us listen to our pain my kids suffering also with me, Please reply in the shadow of islam, is there any punishment or zakaat I had to pay for kufer what we both told, baut that was for that few minutes after again we understand and feel that we make mistake and from heart we both of us make touba to allah, is my nikah is ok, Please help me, I need your complete fatwa with your tamps and signature, Hope you will help me

میں سعودی عرب میں چار سال سے آفس میں کام کر رہا ہوں اور اس وجہ سے میں اپنے گھر (بیوی بچوں) کے پاس نہیں جا سکتا۔ میں اور میری بیوی اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ میں گھر واپس آسکوں اور میری جو بھی مشکلات ہیں وہ ختم ہو جائیں۔ ہم اللہ پر مکمل ایمان رکھتے ہیں، اور اسی کو طاقت ور سمجھتے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی مکمل ایمان رکھتے ہیں اور آپ ﷺ سے محبت بھی ہم دونوں کرتے ہیں۔ لیکن مایوسی اور جھگڑے کے دوران اپنی بیوی کے ساتھ ہم کفر بکتے ہیں کہ ہم پانچ وقت نماز پڑھتے ہیں، اور دل سے اللہ سے دعا بھی کرتے ہیں۔ لیکن اللہ کہاں ہے؟ اور وہ ہماری دعا کیوں نہیں سنتا ہے کیوں وہ ہماری کوئی مدد نہیں کر رہا؟ (اور ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ اللہ ہے کہ بھی نہیں؟) اور وہ ہمارے بچوں کا درد نہیں دیکھ رہا۔ برائے مہربانی اسلام کی روشنی میں بتائیں جو ہم کہتے ہیں اس کا کوئی کفارہ ہے۔ لیکن جو کچھ بھی ہم اللہ کے خلاف کہتے ہیں وہ تھوڑی دیر کیلئے ہوتا ہے، اس کے بعد ہم دونوں سچے دل سے توبہ کر لیتے ہیں اور اللہ پر یقین رکھتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

یہ کلمہ کہنا کہ "اللہ ہے بھی کہ نہیں" اور اسی طرح دوسرے کلمات مذکورہ اللہ کی ذات کے بارے میں شک وتردد ظاہر کرتے ہیں جو بلاشبہ کفر ہے، ان کلمات کے بولنے کی وجہ سے سائل اور اس کی بیوی دونوں دائرہ اسلام سے خارج ہو گئے ہیں اور ان کا نکاح بھی ختم ہو چکا ہے اس لئے ان دونوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے ان کفریات پر ندامت کے ساتھ بصدق دل توبہ واستغفار کریں اور آئندہ کیلئے اس طرح کے الفاظ بولنے سے مکمل احتراز کریں اور ساتھ ہی تجدید ایمان اور تجدید نکاح بھی کریں۔

کما فی البحر الرائق: یکفر اذا وصف اللہ تعالیٰ بما لا یلیق بہ الخ (۵/ ص۲۰۲)۔

(جاری ہے)

وفی البزازیة علی هامش الهندیة: ما کان فی کونه کفرا اختلاف، یؤمر قائله بتجدید النکاح والتوبة احتیاطا الخ (ص ۳۲۲ / ج ۶) والله اعلم

حبیب الله عفا الله عنه
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچی
۱۱/ رجب المرجب /۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر خان عفا الله عنه
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچی
۱۱/ رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ سیف الله غفر له
دار الافتاء جامعه بنوریه
۱۲/ رجب المرجب ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبد الله شوکت
دار الافتاء جامعه بنوریه
۱۲/ رجب ۱۴۳۲ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعه بنوریه العالمیة

رئیس
دار الافتاء جامعه بنوریه العالمیة

دار الافتاء
۱۱۲۳۳
۱۴۳۲/۱۵ھ
جامعه بنوریه العالمیة سائٹ کراچی

18/6/11